E-mail: dailypublic.faisalabad@gmail.com..... 0333-4883972

Daily PUBLIC Faisalabad

MEMBER APNS

ABC Certified

روزنامہ پبلک فیصل آباد

فیصل آباد، کوئٹہ اور کراچی سے بیک وقت اشاعت پذیر

ایڈیٹر انچیف وسیم احمد

جلد 24 | بدھ 30 ستمبر 2026ء/17 ربیع الثانی 1448ھ/قیمت 10 روپے | شمارہ 232

پاکستانی قوم اور اس کی بہادر مسلح افواج میں پاکستان، خطے اور دنیا میں امن و استحکام کے دشمنوں کی کوششوں کو ناکام بنانے کا عزم اور صلاحیت موجود ہے

دوست ممالک اور اتحادیوں کے تعاون سے امن و استحکام کے دشمنوں کی ہر کوشش کو ناکام بنایا جائیگا

صدر او روزیر اعظم شہباز شریف کا بلوچستان اور خیبر پختونخوا میں دہشت گردوں کے خلاف کامیاب کارروائیوں پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک دہشت گردوں کے خلاف کارروائیاں بھرپور انداز میں جاری رہیں گی، پاکستان کے امن و استحکام کو نقصان پہنچانے والے عناصر کو ان کے مذموم عزائم میں کامیاب نہیں ہونے دیا جائے گا

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیر اعظم شہباز شریف نے بلوچستان اور خیبر پختونخوا میں دہشت گردوں کے خلاف کامیاب کارروائیوں پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک دہشت گردوں کے خلاف کارروائیاں بھرپور انداز میں جاری رہیں گی، پاکستان کے امن و استحکام کو نقصان پہنچانے والے عناصر کو ان کے مذموم عزائم میں کامیاب نہیں ہونے دیا جائے گا۔ اپنے بیان میں صدر مملکت آصف علی زرداری نے بلوچستان اور خیبر پختونخوا میں دہشت گردوں کے خلاف کامیاب کارروائیوں پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں نے مزید پڑھیں



لندن: وزیر اعظم محمد شہباز شریف بلاکیئر کے وفد سے ملاقات کر رہے ہیں

راولپنڈی، 2 بیٹیوں سمیت اخوا کے بعد خاتون کے قتل کے مقدمے میں مزید 4 ملزمان کو نامزد کر دیا گیا

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی کے اٹک جنگ سے 2 بیٹیوں سمیت اغوا کے بعد خاتون کے قتل کے مقدمے میں مزید 4 ملزمان کو نامزد کر دیا گیا۔ نامزد ملزمان میں مقتولہ کی ساس، نند اور 2 دیور شامل ہیں، 28 سال کی نبیلہ شاہین کے اغوا اور قتل کے معاملے میں پہلے ہی ایک دیور وسیم شاہ گرفتار ہے۔

معاشی استحکام کے لئے کاروباری برادری کو سہولیات فراہم کرنا حکومت کی ذمہ داری ہے۔ کاروبار سے نہ صرف سماجی و اقتصادی ترقی ہوتی ہے

کاروباری افراد کا ملکی ترقی میں کلیدی کردار ہے، گورنر

لاکھوں لوگوں کے لئے روزگار کے مواقع بھی میسر آتے ہیں۔ شاہ عالم مارکیٹ پورے ایشیا میں اپنے کام اور معیار کی وجہ سے جانی جاتی ہے

ملکی معیشت کے لئے کاروباری سرگرمیوں کا فروغ ناگزیر ہے، کاروبار ہوگا تو ملک بھی خوشحال ہوگا، پیرافورس کے لیے ایس او پیز بنائے جائیں، سردار سلیم حیدر خان

لاہور (این این آئی) گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے کہا ہے کہ کاروباری افراد کا ملکی ترقی میں کلیدی کردار ہے، ملکی معیشت کے لئے کاروباری سرگرمیوں کا فروغ ناگزیر ہے۔ یہ بات انہوں نے گورنر ہاؤس لاہور میں چیئرمین شاہ عالم مارکیٹ بورڈ اور جمر ایجنٹ کینٹ کمیٹی لاہور جنید اکرم چنگ کامرس سید عظمت شاہ سے ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے کہا کہ تاجر برادری ملکی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہیں۔ معاشی (باقی صفحہ اندرونی نمبر 16)



اسلام آباد: وزیر اعظم آزاد کشمیر افتخار گیلانی سے سیکرٹری جنرل مسلم لیگ (ن) خواتین ونگ مہ جبیں قاضی کی قیادت میں وفد ملاقات کر رہا ہے

یونیورسٹی آف لاہور میں ذہنی صحت اور فلاح و بہبود پر بین الاقوامی کانفرنس

ماہرین نفسیات، اساتذہ اور طلبہ کی بڑی تعداد کی شرکت، ذہنی صحت کو تعلیمی نصاب کا حصہ بنانے کا مطالبہ

لاہور (این این آئی) یونیورسٹی آف لاہور میں ذہنی صحت، ذہنی دباؤ سے نمٹنے، موثر ابلاغ، ہم درک اور پیشہ ورانہ و ذاتی زندگی میں توازن کے موضوعات پر تین روزہ بین الاقوامی کانفرنس اور کشاپ کا انعقاد کیا گیا۔ فیکلٹی آف ایجوکیشن سائنسز کے زیر اہتمام منعقدہ ورکشاپ کی قیادت جرمنی کے شہر برلن کی اکون یونیورسٹی کے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 15)

جنرل ہسپتال کا ہڑتالی ڈیوٹی سے مسلسل غیر حاضری اور غفلت پر 4 ملازمین برطرف

تمام ہڑتالی ملازمین اپنے فرائض کی بحالی کریں، ورنہ سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی، ایم ایس

لاہور (این این آئی) جنرل ہسپتال میں ڈیوٹی سے مسلسل غیر حاضری اور غفلت پر میڈیکل سپرنٹنڈنٹ پروفیسر فرہاد حسین نے سخت انتظامی کارروائی کرتے ہوئے چار ملازمین کو ملازمت سے برطرف کر دیا ہے۔ تمام قانونی تقاضے اور پیڈا ایکٹ کے تحت شوکاز نوٹسز کے مراحل مکمل کرنے کے بعد برطرفی کے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 14)

پنجاب بھر میں 1367 ٹریفک حادثات میں 11 افراد جاں بحق 1584 زخمی

ان ٹریفک حادثات کے کل 1584 متاثرین میں 1260 مرد اور 324 خواتین شامل ہیں

لاہور (این این آئی) ایمرجنسی سروسز ریسپانس نے گذشتہ 24 گھنٹوں کے دوران پنجاب بھر میں 1367 ٹریفک حادثات پر ریسپانس کیا جن میں 714 افراد شدید زخمی ہوئے جنہیں فوری طور پر زخمی طبی و تفصیل کے سپتالوں میں منتقل کیا گیا۔ 8 5 9 8 معمولی زخمی لوگوں کو ریسکیو میڈیکل (باقی صفحہ اندرونی نمبر 13)

لاہور میں 80 سالہ والدہ کو قتل کرنے والا سفاک بیٹا گرفتار

ملزم کا ابتدائی تفتیش میں جائیداد کے تنازع پر اپنی والدہ کو قتل کرنے کا اعتراف

لاہور (این این آئی) نواب ٹاؤن کے علاقے میں جائیداد کے تنازع پر اپنی 80 سالہ بزرگ والدہ کو قتل کرنے والے ملزم کو گرفتار کر لیا گیا۔ پولس کے مطابق ملزم نے جائیداد کے تنازع پر اپنی والدہ کو مبینہ طور پر تشدد کا نشانہ بنایا تھا، جس کے باعث وہ زخمی ہو گئی تھیں۔ ڈی آئی جی انویسٹی گیشن سید ذیشان رضا نے بزرگ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 12)

ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سید دال خان ناصر کاڈاکٹر مہاجر محمد کی اہلیہ ڈاکٹر سیتی حسنہ محمد علی کے انتقال پر اظہار افسوس

کوئٹہ (این این آئی) ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سید دال خان ناصر نے ملائیشیا کے سابق وزیر اعظم ڈاکٹر مہاتیر محمد کی اہلیہ ڈاکٹر سیتی حسنہ محمد علی کے انتقال پر گہرے رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے سوگوار خاندان سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کیا ہے۔



اسلام آباد: وفاقی وزیر برائے قانون و انصاف بیرسٹر عقیل ملک خطاب کر رہے ہیں

کشمیر کا منصفانہ حل ہی جنوبی ایشیا میں پائیدار امن کی ضمانت ہے

راج ناتھ سنگھ کا بیان مقبوضہ کشمیر کی حقیقت کو جھٹلانے کی بھونڈی کوشش ہے، ترجمان دفتر خارجہ

مقبوضہ کشمیر گزشتہ آٹھ دہائیوں سے بھارتی ظلم و جبر کا شکار ہے، سفیر پاکستان رضوان سعید شیخ

کشمیر ایک بین الاقوامی مسئلہ ہے جس کا حل اقوام متحدہ کی قراردادوں پر عملدرآمد کے ذریعے ہی ممکن ہے، گفتگو

واشنگٹن (این این آئی) جنیوا میں پارلیمانی کمیٹی برائے کشمیر اراکین کانگریس کو بتایا ہے کہ پاکستانی اور کشمیری یک جان اور دو قالب ہیں پاکستان کشمیریوں کی اخلاقی، سفارتی اور سیاسی حمایت سے کبھی دستبردار نہیں ہوگا۔ سفارتخانہ پاکستان واشنگٹن ڈی سی میں ذرائع ابلاغ کے نمائندوں سے ملاقات کے دوران راناثناء محمود قاسم نون نے کہا کہ وزیر اعظم شہباز شریف نے اقوام متحدہ جنرل اسمبلی کے 81ویں اجلاس میں مسئلہ کشمیر پر پاکستان کا مقف واضح الفاظ میں عالمی برادری کے سامنے پیش کیا (باقی صفحہ اندرونی نمبر 17)



سہیل آفریدی کے ہوتے ہوئے نئے وزیر اعلیٰ کی دوڑ شروع، عمر ایوب کی آئی کروپ متحرک

ممکنہ تبدیلی کی صورت میں وزارت عالیہ کے لیے ناراض گروپ اپنا امیدوار لانے کیلئے منصوبہ بندی کر رہے ہیں

سابق وزیر اعلیٰ علی امین گنڈاپور سے وابستہ ارکان بھی متحرک ہو گئے، ناراض ارکان کے گروپ نے ایک اجلاس بھی طلب کیا ہے

اسلام آباد (این این آئی) خیبر پختونخوا میں وزیر اعلیٰ سہیل آفریدی کی موجودگی کے باوجود پاکستان تحریک انصاف کے اندر تحریک تبدیلی اور نئے وزیر اعلیٰ کے انتخاب کے لیے سرگرمیاں تیز ہو گئی ہیں۔ ذرائع کے مطابق پی ٹی آئی کے مرکزی رہنما عمر ایوب کی قیادت میں ناراض ارکان کا ایک گروپ متحرک ہو گیا ہے، جس کا مقصد آئندہ انتخابات سے قبل تبدیلی کی صورت میں وزارت عالیہ کے لیے اپنا امیدوار لانا ہے۔ ذرائع کے مطابق گروپ کے ارکان نے اس سلسلے میں ایک اجلاس بھی طلب کیا ہے، جس میں وزیر اعلیٰ کے خلاف عدم اعتماد کی تحریک لانے سمیت مختلف آپشنز پر غور کیا گیا۔ ناراض ارکان کا مؤقف ہے کہ موجودہ وزیر اعلیٰ کی کارکردگی سے پارٹی کے اندر بے چینی پائی جاتی ہے اور اگر فوری طور پر تبدیلی نہ کی گئی تو آئندہ انتخابات میں پارٹی کو نقصان پہنچ سکتا ہے۔ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 18)

پشاور ہائیکورٹ سے اسکول منبط کرنے کے خلاف درخواست خارج، محکمہ داخلہ سے رپورٹ طلب

عدالت نے تفتیشی افسر کو آج ہی تحقیقات مکمل کرانے کی ہدایت کر دی

چیف جسٹس ایس ایم عتیق شاہ نے تفتیشی افسر کی کارکردگی پر برہمی کا اظہار بھی کیا، ساعت 19 اکتوبر تک ملتوی

پشاور (این این آئی) پشاور ہائیکورٹ میں پولیس کی جانب سے اسکول تحویل کی منبط کرنے کے خلاف درخواست پر ساعت ہوئی، چیف جسٹس ایس ایم عتیق شاہ نے محکمہ داخلہ خیبر پختونخوا سے بھی رپورٹ طلب کر لی۔ ساعت کے دوران درخواست گزار کے وکیل نے مؤقف اختیار کیا کہ قضاء کے تحت کی حدود میں درخواست گزار کی اسکول فیکٹری قائم ہے، جہاں پولیس نے غیر قانونی چھاپہ مار کر اسکول قبضے میں لیا۔

بلوچستان کے معدنی وسائل سے بھی کی معیشت اور روزگار کے مواقع کے لیے اہم حیثیت رکھتے ہیں، علامہ ہمگیر بادینی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان صوبائی اسمبلی کی تاخیر کمیٹی برائے معدنیات کا اجلاس چیئرمین کمیٹی غلام ہمگیر بادینی کی زیر صدارت اسمبلی سیکرٹریٹ کے کمیٹی روم میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں کمیٹی رکن خیر جان بلوچ، زاہد علی ریکی، صوبائی (باقی صفحہ اندرونی نمبر 19)



بھمبر: وزیر اعظم آزاد جموں و کشمیر افتخار گیلانی چند فری ڈائیلاسز سینٹر میں زیر علاج مریضوں کی عیادت کر رہے ہیں

حکومت سیاسی مسائل مذاکرات سے حل کرے، جاوید قصوری

ملک میں جاری سیاسی کشمکش تشویشناک، عوام کو درپیش مسائل پس پشت ڈالنے نہیں دیں گے

ملک بھر میں وسیع تر سیاسی و سماجی اتحاد کی کوشش کریں گے، امیر جماعت اسلامی پنجاب کا امیر ایاز صادق سے خطاب

لاہور (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پنجاب جاوید قصوری کی زیر صدارت مختصر اہم اجلاس میں ملک میں جاری سیاسی کشمکش، اجتماعی کیفیت اور عوامی رابطہ مہم پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اجلاس میں ملک بھر سے عہدیداران نے شرکت کی۔ اجلاس میں یہ فیصلہ کیا گیا کہ جماعت اسلامی پنجاب کا ایک وفد امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن سے ملاقات کرے گا۔ اجلاس میں ملک کی موجودہ صورتحال پر تفصیلی غور کیا گیا۔ اجلاس میں کہا گیا کہ ملک کو درپیش مسائل کا حل مذاکرات اور سیاسی عمل میں ہے

Daily PUBLIC Faisalabad

روزنامہ پبلک فیصل آباد

ایڈیٹر انچیف: وسیم احمد

چیف ایڈیٹر و پبلشر وسیم احمد نے الرفیق افضالی پرنٹنگ پریس پاک گول مین پور بازار سے چھپوا کر بلاٹ نمبر P-289 بلاک A ستارہ کالونی کالج روڈ سمن آباد فیصل آباد سے شائع کیا

ملکی معیشت کے لئے کاروباری سرگرمیوں کا فروغ ناگزیر ہے

گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے کہا ہے کہ کاروباری افراد کا ملکی ترقی میں کلیدی کردار ہے، ملکی معیشت کے لئے کاروباری سرگرمیوں کا فروغ ناگزیر ہے۔ یہ بات انہوں نے گورنر ہاؤس لاہور میں چیئرمن شاہ عالم مارکیٹ بورڈ اور ممبر ایگزیکٹو کمیٹی لاہور چیمبر آف کامرس سید عظمت شاہ سے ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے کہا کہ تاجر برادری ملکی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہیں۔ معاشی استحکام کے لئے کاروباری برادری کو سہولیات فراہم کرنا حکومت کی ذمہ داری ہے۔ کاروبار سے نہ صرف سماجی و اقتصادی ترقی ہوتی ہے بلکہ لاکھوں لوگوں کے لئے روزگار کے مواقعے بھی میسر آتے ہیں۔ شاہ عالم مارکیٹ پورے ایشیا میں اپنے کام اور معیار کی وجہ سے جانی جاتی ہے۔ گورنر پنجاب نے کہا کہ جرائم کی بڑھتی ہوئی شرح کی وجہ سے کاروبار بہت مشکل حالات میں ملکی ترقی میں کلیدی کردار ادا کر رہی ہے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ پیراانوس کے لیے ایس او پیز بنائے جائیں تا کہ وہ اپنے اختیارات کا ناجائز فائدہ نہ اٹھائیں۔ کاروبار ہوگا تو ملک بھی خوشحال ہوگا۔ تمام کاروبار بہت اہم ہیں چاہے چھوٹی سے دکان کیوں نہ ہو۔ گورنر پنجاب نے کہا کہ کاروباری افراد کے لیے گورنر ہاؤس کے دروازے ہمیشہ کھلے ہیں۔ اس موقع پر چیئرمن شاہ عالم مارکیٹ بورڈ اور ممبر ایگزیکٹو کمیٹی لاہور چیمبر آف کامرس سید عظمت شاہ نے گورنر پنجاب کو شاہ عالم مارکیٹ میں تاجر برادری کو درپیش بجلی، سڑکوں کی توڑ پھوڑ، پیراانوس کی ناجائز ہراسمنٹ اور پارکنگ سے متعلق مسائل سے تفصیلی آگاہ کیا۔ گورنر پنجاب نے تاجر برادری کو درپیش مسائل کے حل کے لیے یقین دہانی کروائی۔

امریکہ ایران کشیدگی کے خاتمے میں پاکستان کی سفارتی کوششیں

اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کا موجودہ اجلاس ایسے وقت میں منعقد ہو رہا ہے جب دنیا کو جنگوں، تنازعات، علاقائی کشیدگی، توانائی کے بحران اور عالمی سفارت کاری کے پیچیدہ چیلنجز کا سامنا ہے۔ غزہ میں انسانی المیے کی صورتحال بدستور عالمی توجہ کی متقاضی ہے، روس اور یوکرین کی تنازعے کے خاتمے کے لیے سفارتی کوششیں جاری ہیں جبکہ مشرق وسطیٰ میں امریکہ اور ایران کے درمیان کشیدگی نے نہ صرف خطے کے امن و استحکام بلکہ عالمی معیشت، توانائی کی ترسیل اور بین الاقوامی تجارت کے مستقبل کے حوالے سے بھی کئی سوالات پیدا کر دیے ہیں۔ ایسے ماحول میں جنرل اسمبلی کا اجلاس صرف عالمی رہنماؤں کی تقاریر کا اظہار نہیں بلکہ اقوام متحدہ کے کردار اور بین الاقوامی سفارت کاری کی صلاحیت کا ایک اہم امتحان بھی ہے۔

اسی پس منظر میں جنرل اسمبلی کے اجلاس کے موقع پر امریکہ اور ایران کے درمیان ہونے والی بات چیت کو خصوصی اہمیت حاصل ہے۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے مطابق اقوام متحدہ میں امریکی اور ایرانی حکام کے درمیان تقریباً تین گھنٹے تک مثبت اور نتیجہ خیز مذاکرات ہوئے اور جلد ایک اور ملاقات متوقع ہے۔ دوسری جانب ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی اور امریکی خصوصی نمائندہ اسٹیو وٹکوف کے درمیان ملاقات کی ایرانی سرکاری میڈیا نے بھی تصدیق کی ہے۔ ان پیش رفت سے کم از کم یہ اشارہ ضرور ملتا ہے کہ شدید کشیدگی کے باوجود دونوں ممالک کے درمیان سفارتی رابطے کی گنجائش مکمل طور پر ختم نہیں ہوئی۔

تاہم مذاکرات کے ساتھ ساتھ امریکی صدر کا سخت لہجہ بھی عالمی توجہ کا مرکز بنا ہوا ہے۔ جنرل اسمبلی سے خطاب کرتے ہوئے ٹرمپ نے ایران کے بارے میں ایک طرف نرمی اور مفاہمت اور مستقبل میں ایران کے جوہری ہتھیار سے لیس نہ ہونے کی بات کی، تو دوسری طرف یہ بھی کہا کہ انہیں فیصلہ کرنا ہے کہ ایران کے ساتھ معاہدہ کیا جائے یا پھر عسکری کارروائی کا راستہ اختیار کیا جائے۔ ان بیانات سے واضح ہوتا ہے کہ امریکہ ایک ہی وقت میں سفارت کاری اور دباؤ دونوں حکمت عملیوں پر عمل پیرا ہے۔ ایران کی جانب سے بھی بعض مثبت اشارے سامنے آئے ہیں۔ ایرانی وزیر خارجہ نے آئندہ ہفتے دوبارہ ملاقات کے امکان کو مسترد نہیں کیا اور کہا کہ ایران مذاکرات کے لیے تیار ہے، تاہم اس کا مؤقف واضح ہے کہ وہ امریکہ کے ساتھ ایسے مذاکرات نہیں کرے گا جو ماضی میں بار بار ناکام ہو چکے ہیں۔ ایران کا کہنا ہے کہ وہ اس بار ایسے معاہدے کی طرف جانا چاہتا ہے جو پائیدار ہو اور جس کے فوائد عملی طور پر عوام تک پہنچ سکیں۔

مجموعی طور پر موجودہ صورتحال میں پاکستان کا کردار کئی اعتبار سے اہم ہو گیا ہے۔ ایک طرف وہ امریکہ اور ایران دونوں کے ساتھ رابطہ برقرار رکھے ہوئے ہے اور دوسری طرف اسلام آباد نے بارہا یہ مؤقف دہرایا ہے کہ مذاکرات کا راستہ ہی واحد قابل عمل راستہ ہے۔ پاکستان کی کوشش ہے کہ وہ خطے میں کشیدگی کو کم کرنے، سفارتی عمل بحال رکھنے اور اسلام آباد مفاہمتی یادداشت کی پاسداری پر زور دیتا رہا ہے۔

پاکستان کے لیے یہ معاملہ اس لیے بھی غیر معمولی اہمیت رکھتا ہے کہ ایران اس کا ہمسایہ ملک ہے جبکہ سعودی عرب اور دیگر خلیجی ممالک پاکستان کے دیرینہ برادر اتحادی رہے ہیں۔ امریکہ بھی پاکستان کے ساتھ اہم دفاعی و سفارتی تعلقات رکھتا ہے۔ ایسے میں اسلام آباد کے لیے ایک ایسا توازن برقرار رکھنا ضروری ہے جس سے کسی بھی فریق کے ساتھ تعلقات متاثر نہ ہوں۔

اس صورتحال میں پاکستان کا کردار بھی اہمیت اختیار کر گیا ہے۔ پاکستان نے امریکہ اور ایران کے درمیان کشیدگی کے حوالے سے جنگ کے بجائے مذاکرات، کشیدگی میں کمی اور سفارتی حل پر زور دیا ہے۔ اسلام آباد نے مختلف فریقوں کے ساتھ رابطوں اور مشاورت کے ذریعے سفارتی عمل کو آگے بڑھانے کی کوشش کی ہے۔ پاکستان، سعودی عرب، ترکیہ اور مصر کے وزرائے خارجہ کی مشاورتی اجلاس بھی اسی وسیع تر سفارتی کوشش کا حصہ ہے، جس میں امریکہ، ایران، اسلامی تعاون تنظیم اور دیگر علاقائی و عالمی امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

اس تناظر میں پاکستان کی جانب سے بھی بعض محتاط مگر مثبت اشارے آئے ہیں۔ ایرانی وزیر خارجہ نے شراکت ساختہ آئی ایم۔ ایرانی وزیر خارجہ نے پاکستان کے دورے کو دوطرفہ تعلقات کے لیے اہم قرار دیا، جبکہ امریکی حکام نے بھی پاکستان کی ثالثی کی کوششوں کو سراہا ہے۔ تاہم یہ کردار جتنا اہم ہے اتنا ہی نازک بھی۔ پاکستان کو ایک ایسے وقت میں توازن برقرار رکھنا ہے جب خطے میں کسی بھی غلط اندازے کے نتائج بہت سنگین ہو سکتے ہیں۔

دوسری طرف ایران کی جانب سے بھی بعض شرائط سامنے آئی ہیں۔ ایرانی وزیر خارجہ نے کہا ہے کہ وہ مذاکرات کو ایسے معاہدے کی طرف لے جانا چاہتا ہے جو پائیدار ہو اور جس کے فوائد عملی طور پر عوام تک پہنچ سکیں۔ ایران کا مؤقف ہے کہ ماضی میں بار بار ایسے معاہدے ہوئے جو بعد میں ختم ہو گئے، اس لیے اس بار ایسے معاہدے کی ضمانت درکار ہے جو پائیدار ہو۔ یہ مؤقف اپنی جگہ اہم ہے، تاہم مذاکرات کے لیے بعض عملی ثالث موجود ہیں جنہیں سفارتی سطح پر بروئے کار لایا جا سکتا ہے۔

خاص طور پر جب دونوں ممالک کے درمیان اختلافات اتنی گہرے ہیں، تاہم مذاکرات کے لیے بعض عملی ثالث موجود ہیں جنہیں سفارتی سطح پر بروئے کار لایا جا سکتا ہے۔

ظاہر ہوتا ہے کہ فریقین کے درمیان اختلافات اتنی گہرے ہیں، تاہم مذاکرات کے لیے بعض عملی ثالث موجود ہیں جنہیں سفارتی سطح پر بروئے کار لایا جا سکتا ہے۔

خاص طور پر جب دونوں ممالک کے درمیان اختلافات اتنی گہرے ہیں، تاہم مذاکرات کے لیے بعض عملی ثالث موجود ہیں جنہیں سفارتی سطح پر بروئے کار لایا جا سکتا ہے۔

تجزیہ بی این پی

اختشام بلکہ عالمی معیشت، توانائی کی ترسیل اور بین الاقوامی تجارت کے مستقبل کے حوالے سے بھی کئی سوالات پیدا کر دیے ہیں۔ ایسے ماحول میں جنرل اسمبلی کا اجلاس محض عالمی رہنماؤں کی تقاریر کا اجتماع نہیں بلکہ اقوام متحدہ کے کردار اور بین الاقوامی سفارت کاری کی صلاحیت کا ایک اہم امتحان بھی ہے۔

اسی پس منظر میں جنرل اسمبلی کے اجلاس کے موقع پر امریکہ اور ایران کے درمیان ہونے والی بات چیت کو خصوصی اہمیت حاصل ہے۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے مطابق اقوام متحدہ میں امریکی اور ایرانی حکام کے درمیان تقریباً تین گھنٹے تک مثبت اور نتیجہ خیز مذاکرات ہوئے اور جلد ایک اور ملاقات متوقع ہے۔ دوسری جانب ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی اور امریکی خصوصی نمائندہ اسٹیو وٹکوف کے درمیان ملاقات کی ایرانی سرکاری میڈیا نے بھی تصدیق کی ہے۔ ان پیش رفت سے کم از کم یہ اشارہ ضرور ملتا ہے کہ شدید کشیدگی کے باوجود دونوں ممالک کے درمیان سفارتی رابطے کی گنجائش مکمل طور پر ختم نہیں ہوئی۔

تاہم مذاکرات کے ساتھ ساتھ امریکی صدر کا سخت لہجہ بھی عالمی توجہ کا مرکز بنا ہوا ہے۔ جنرل اسمبلی سے خطاب کرتے ہوئے ٹرمپ نے ایران کے بارے میں ایک طرف نرمی اور مفاہمت اور مستقبل میں ایران کے جوہری ہتھیار سے لیس نہ ہونے کی بات کی، تو دوسری طرف یہ بھی کہا کہ انہیں فیصلہ کرنا ہے کہ ایران کے ساتھ معاہدہ کیا جائے یا پھر عسکری کارروائی کا راستہ اختیار کیا جائے۔ ان بیانات سے واضح ہوتا ہے کہ امریکہ ایک ہی وقت میں سفارت کاری اور دباؤ دونوں حکمت عملیوں پر عمل پیرا ہے۔ ایران کی جانب سے بھی بعض مثبت اشارے سامنے آئے ہیں۔ ایرانی وزیر خارجہ نے آئندہ ہفتے دوبارہ ملاقات کے امکان کو مسترد نہیں کیا اور کہا کہ ایران مذاکرات کے لیے تیار ہے، تاہم اس کا مؤقف واضح ہے کہ وہ امریکہ کے ساتھ ایسے مذاکرات نہیں کرے گا جو ماضی میں بار بار ناکام ہو چکے ہیں۔ ایران کا کہنا ہے کہ وہ اس بار ایسے معاہدے کی طرف جانا چاہتا ہے جو پائیدار ہو اور جس کے فوائد عملی طور پر عوام تک پہنچ سکیں۔ ایران کا مؤقف ہے کہ ماضی میں بار بار ایسے معاہدے ہوئے جو بعد میں ختم ہو گئے، اس لیے اس بار ایسے معاہدے کی ضمانت درکار ہے جو پائیدار ہو۔ یہ مؤقف اپنی جگہ اہم ہے، تاہم مذاکرات کے لیے بعض عملی ثالث موجود ہیں جنہیں سفارتی سطح پر بروئے کار لایا جا سکتا ہے۔

مراد مصطفیٰ ﷺ حضرت سیدنا فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ



تحریر: پروفیسر میاں محمد آصف رضا قادری (خلیفہ غزالی زمانہ عالیہ محدث اعظم پاکستان)

خلیفہ دوم حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ اسلام کی وہ عظیم شخصیت ہیں جن کی اسلام کے لیے روشن خدمات، جرات، بہادری، عدل و انصاف پر مبنی فیصلے، فتوحات اور شاندار کارناموں سے اسلام کا چہرہ روشن ہے۔ امیر المومنین حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ تاریخ انسانی کا ایسا نام ہیں۔ جن کی عظمت کو اپنے بھی نہیں بیگانے بھی تسلیم کرتے ہیں۔ وہ نبی کریم ﷺ کے سچے دوست، عظیم مدبر اور بے مثل شجاعت و تدبر کا ایک ایسا حسین و مجبور نما امتزاج ہے۔ جس نے یہ دم جہان کو تہذیب نو کے لافانی اصولوں سے روشناس کروایا۔

آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا شجرہ نسب نویں پشت میں سرور کائنات ﷺ کے شجرہ طیبہ سے جا ملتا ہے۔ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے والد کا نام خطاب اور والدہ کا نام مشہ بنت ہاشم تھا۔ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی کنیت ابوحفص ہے۔ جو آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے سب سے نمایاں اور سحر انگیز القاب فاروق اعظم ہے۔ جو رسول کریم ﷺ نے اس وقت عنایت فرمایا جب مکہ کی دھرتی پر اعلان حق اور باطل کے درمیان واضح تفریق پیدا کر دی گئی۔ حضرت سیدنا فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ حد درجہ ذہین، سلیم الطبع، بالغ النظر اور صاحب بصیرت تھے۔ قرآن پاک کے متعدد احکامات آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی رائے کے مطابق نازل ہوئے۔ مثلاً اذان کا طریقہ، حجروں کے لیے پردے کا حکم اور شراب کی حرمت۔ وغیرہ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ شجاعت، فصاحت و بلاغت اور خطابت میں یکتائے زمانہ افراد میں سے تھے۔ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنی زندگی کا اکثر و بیشتر حصہ فیضان نبوت سے سیر ہونے میں بسر کیا۔ گویا حدا مراج کے بنا پر احادیث کی روایت بہت کم فرمائے۔ فقہ اور اجتہاد میں بلند مقام رکھتے تھے۔ حضرت عبداللہ بن عمر حضرت عبداللہ بن عباس اور حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہم (جن تک آئمہ فقہ کی سلاسل جا ملتے ہیں۔ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے تربیت یافتہ تھے۔ آپ رضی اللہ عنہ اسلام کی وہ عظیم شخصیت ہیں جن کی اسلام کے لیے روشن خدمات، جرات، بہادری، عدل و انصاف پر مبنی فیصلے، فتوحات اور شاندار کارناموں سے اسلام کا چہرہ روشن ہے۔ امیر المومنین حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ تاریخ انسانی کا ایسا نام ہیں۔ جن کی عظمت کو اپنے بھی نہیں بیگانے بھی تسلیم کرتے ہیں۔ وہ نبی کریم ﷺ کے سچے دوست، عظیم مدبر اور بے مثل شجاعت و تدبر کا ایک ایسا حسین و مجبور نما امتزاج ہے۔ جس نے یہ دم جہان کو تہذیب نو کے لافانی اصولوں سے روشناس کروایا۔

آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا شجرہ نسب نویں پشت میں سرور کائنات ﷺ کے شجرہ طیبہ سے جا ملتا ہے۔ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے والد کا نام خطاب اور والدہ کا نام مشہ بنت ہاشم تھا۔ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی کنیت ابوحفص ہے۔ جو آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی مساجزادی ام المومنین حضرت حفصہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی نسبت سے بارگاہ نبوی سے عطا ہوئی۔ تاریخ کے اتھے پر آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا سب سے نمایاں اور سحر انگیز لقب فاروق اعظم ہے۔ جو رسول کریم ﷺ نے اس وقت عنایت فرمایا جب مکہ کی دھرتی پر اعلان حق اور باطل کے درمیان واضح تفریق پیدا کر دی گئی۔ حضرت سیدنا فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ حد درجہ ذہین، سلیم الطبع، بالغ النظر اور صاحب بصیرت تھے۔ قرآن پاک کے متعدد احکامات آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی رائے کے مطابق نازل ہوئے۔ مثلاً اذان کا طریقہ، حجروں کے لیے پردے کا حکم اور شراب کی حرمت۔ وغیرہ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ شجاعت، فصاحت و بلاغت اور خطابت میں یکتائے زمانہ افراد میں سے تھے۔ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنی زندگی کا اکثر و بیشتر حصہ فیضان نبوت سے سیر ہونے میں بسر کیا۔ گویا حدا مراج کے بنا پر احادیث کی روایت بہت کم فرمائے۔ فقہ اور اجتہاد میں بلند مقام رکھتے تھے۔ حضرت عبداللہ بن عمر حضرت عبداللہ بن عباس اور حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہم (جن تک آئمہ فقہ کی سلاسل جا ملتے ہیں۔ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے تربیت یافتہ تھے۔ آپ رضی اللہ عنہ کی دور اندیشی اور فراست کی گواہی اس مشہور واقعہ سے ملتی ہے۔ کہ ایک یہودی اور منافق میں کسی بارے میں تنازعہ ہوا۔ انہوں نے نبی کریم ﷺ کے فیصلہ کرایا۔ وہ منافق حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس آیا۔ کہ آپ رضی اللہ عنہ فیصلہ فرمادیں۔ مگر جب آپ رضی اللہ عنہ کو معلوم ہوا کہ حضور ﷺ مقدمہ کا فیصلہ فرما چکے ہیں۔ اور اب منافق مجھ سے فیصلہ چاہتا ہے۔ تو تلوار اٹھا کر منافق کا سر قلم کر دیا۔ قرآن کریم نے سورہ نساء میں اس فیصلے کی توثیق کی۔ اور منصفانہ طور پر یہ اصول طے پایا کہ نبی کریم ﷺ کا فیصلے کو آخری حیثیت حاصل ہے۔ اور جو اس فیصلے کو درست تسلیم نہ کرے وہ مومن نہیں ہے۔

حضرت نے فرمایا۔ اگر میرے بعد کوئی نبی ہوتا تو (بعد) عمر (ہوتا)

حضرت سعد بن وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے۔ حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا۔ اے عمر بن خطاب جس کے ہاتھ میں میری جان ہے۔ جب تم کو شیطان کسی راستہ پر چلتے ہوئے دیکھتا ہے۔ تو وہ اس راستہ کو چھوڑ کر دوسرے راستہ کو اختیار کر لیتا ہے۔

نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ بلاشبہ اللہ تعالیٰ نے حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی زبان اور ان کے دل پر حق کو جاری و قائم کر دیا ہے۔

ایک روز رحمت دو عالم ﷺ مسجد میں کی طرف تشریف لے گئے۔ اور آپ ﷺ کے ہمراہ دائیں بائیں ابوبکر و عمر بھی تھے۔ اور آپ ﷺ نے ان دونوں کے ہاتھ پکڑے ہوئے تھے۔ اسی حالت میں آپ ﷺ نے فرمایا کہ قیامت کے روز ہم اسی طرح اٹھیں گے۔

حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا۔ کہ جبریل کے دونوں آسمان پر اور دو زمین پر ہوتے ہیں اور میرے دو وزیر آسمان والوں میں سے جبرائیل اور میکائیل ہیں اور زمین والوں میں سے دو وزیر ابوبکر و عمر ہیں۔

علی گڑھ میں ایک شخص پر بہیمانہ تشدد، پیشاب پینے پر مجبور کیا گیا

مزید تحقیقات اور دیگر ملوث افراد کی شناخت کی کوششیں جاری ہیں۔

علی گڑھ (ایس این آئی) بھارتی ریاست اتر پردیش کے ضلع علی گڑھ میں غیر انسانی سلوک کے ایک ہولناک واقعے میں ایک شخص کو تشدد کا نشانہ بنایا گیا، اس کے بال اور داڑھی کا ایک حصہ مونڈا دیا گیا اور درخت سے باندھ کر پیشاب پینے پر مجبور کیا گیا۔ کنجیر میڈیا سروس کے مطابق یہ واقعہ جمعرات کو علی گڑھ کے تھانہ اگرسن کے علاقہ ٹپل 40 کلومیٹر دور اکبر پور تھانے کی حدود میں واقع ایک گاؤں میں پیش آیا بتایا جاتا ہے کہ متاثرہ شخص کا تعلق ایک دلت خاندان سے ہے۔ متاثرہ شخص کی شناخت 30 سالہ ونود کمار کے نام سے ہوئی ہے۔ ونود کمار کو مبینہ طور پر اس کے گھر سے اٹھا کر ایک کھیت میں لے جایا گیا۔ جہاں اس پر بہیمانہ تشدد کیا گیا۔ اس کے بال اور داڑھی کا ایک حصہ مونڈا دیا گیا اور اسے درخت سے باندھ کر پیشاب پینے پر مجبور کیا گیا۔ کنجیر میڈیا سروس کے مطابق یہ واقعہ جمعرات کو علی گڑھ کے تھانہ اگرسن کے علاقہ ٹپل 40 کلومیٹر دور اکبر پور تھانے کی حدود میں واقع ایک گاؤں میں پیش آیا بتایا جاتا ہے کہ متاثرہ شخص کا تعلق ایک دلت خاندان سے ہے۔ متاثرہ شخص کی شناخت 30 سالہ ونود کمار کے نام سے ہوئی ہے۔ ونود کمار کو مبینہ طور پر اس کے گھر سے اٹھا کر ایک کھیت میں لے جایا گیا۔ جہاں اس پر بہیمانہ تشدد کیا گیا۔ اس کے بال اور داڑھی کا ایک حصہ مونڈا دیا گیا اور اسے درخت سے باندھ کر پیشاب پینے پر مجبور کیا گیا۔

بھارت، سی جے پی کے آشوتوش رنکا سمیت 34 ارکان کی پولیس کیمپس میں بھوک ہڑتال

ارکان ایک طے شدہ پروگرام میں شرکت کے لیے جمع ہوئے تھے، تاہم پولیس نے انہیں حراست میں لے لیا

گوہاٹی (ایس این آئی) بھارتی ریاست آسام میں کانگرس جنتا پارٹی (سی جے پی) کے 35 ارکان نے بدھ کے روز گوہاٹی میں پولیس کیمپس کے اندر غیر معینہ مدت کی بھوک ہڑتال شروع کر دی، وہ اپنی مکمل حراست کے خلاف احتجاج اور فوری رہائی کا مطالبہ کر رہے ہیں۔ کنجیر میڈیا سروس کے مطابق بھوک ہڑتال میں حصہ لینے والوں میں سی جے پی کے شریک کنوینر اور چیف ترجمان آشوتوش رنکا، شرق اور شمال مشرقی امور کے انچارج انکت بھارد واج، جوائنٹ سیکریٹری پرم پرکاش گولو اور آسام کے کوآرڈینٹر ساحل سمیت دیگر ارکان شامل ہیں۔ پارٹی نے کہا کہ اس کے ارکان ایک طے شدہ پروگرام میں شرکت کے لیے جمع ہوئے تھے، تاہم پولیس نے انہیں حراست میں لے لیا، جس کے باعث پروگرام منعقد نہ ہو سکا۔ پارٹی نے الزام لگایا کہ ارکان کو گرفتاری کے فوری اجراء کے بجائے غیر معینہ مدت کے لیے حراست میں رکھا گیا ہے۔ پارٹی نے حکام سے حراست کی وجوہات واضح کرنے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ وہ اس معاملے کو قانونی اور جمہوری طریقے سے آگے بڑھائے گی۔

ارکان اسمبلی کا ریاستی حیثیت سے متعلق قرارداد میں دفعہ 370 اور 35 اے شامل کرنے کا مطالبہ

سرینگر (ایس این آئی) لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا کی زیر قیادت جموں وکشمیر میں ارکان اسمبلی کے وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کی جانب سے قانون ساز اسمبلی میں ریاستی حیثیت سے متعلق پیش کی گئی قرارداد میں ترامیم پیش کی گئی ہیں جن میں 5 اگست 2019 سے پہلے موجود آئینی حیثیت کے ساتھ ساتھ دفعہ 370 اور 35 اے کی بحالی کا واضح مطالبہ کیا گیا ہے۔ وزیر اعلیٰ کے گزشتہ ہفتے (25 ستمبر) کو اسمبلی میں پیش کردہ قرارداد پیش کی تھی جس میں ضلع کی ریاستی حیثیت بحال کرنے کا مطالبہ کیا گیا۔ قرارداد میں جموں وکشمیر کو اس کی سابقہ آئینی حیثیت کے ساتھ بحال کرنے کا مطالبہ کیا گیا ہے۔ کنجیر میڈیا سروس کے مطابق اپوزیشن نیشنل کانفرنس اور اس کی اتحادی جماعتوں کے ارکان اسمبلی نے 10 ارکان اسمبلی کے آٹھ ارکان سمیت 10 ارکان اسمبلی نے وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کی ریاستی حیثیت سے متعلق قرارداد میں ترامیم پیش کی ہیں جن میں 5 اگست 2019 سے پہلے موجود آئینی حیثیت کے ساتھ ساتھ دفعہ 370 اور 35 اے کی بحالی کا واضح مطالبہ کیا گیا ہے۔ وزیر اعلیٰ نے گزشتہ ہفتہ (25 ستمبر) کو اسمبلی میں پیش کردہ قرارداد میں ضلع کی ریاستی حیثیت بحال کرنے کا مطالبہ کیا گیا۔ قرارداد میں جموں وکشمیر کو اس کی سابقہ آئینی حیثیت کے ساتھ بحال کرنے کا مطالبہ کیا گیا ہے۔ کنجیر میڈیا سروس کے مطابق اپوزیشن نیشنل کانفرنس اور اس کی اتحادی جماعتوں کے ارکان اسمبلی نے 10 ارکان اسمبلی کے آٹھ ارکان سمیت 10 ارکان اسمبلی نے وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کی ریاستی حیثیت سے متعلق قرارداد میں ترامیم پیش کی ہیں جن میں 5 اگست 2019 سے پہلے موجود آئینی حیثیت کے ساتھ ساتھ دفعہ 370 اور 35 اے کی بحالی کا واضح مطالبہ کیا گیا ہے۔ وزیر اعلیٰ نے گزشتہ ہفتہ (25 ستمبر) کو اسمبلی میں پیش کردہ قرارداد میں ضلع کی ریاستی حیثیت بحال کرنے کا مطالبہ کیا گیا۔ قرارداد میں جموں وکشمیر کو اس کی سابقہ آئینی حیثیت کے ساتھ بحال کرنے کا مطالبہ کیا گیا ہے۔ کنجیر میڈیا سروس کے مطابق اپوزیشن نیشنل کانفرنس اور اس کی اتحادی

نئی دہلی کے جنتر منتر پر بھارتی پولیس نے دو صحافیوں کو گرفتار کر لیا

گرفتار صحافی چیف الیکشن کمشنر کے خلاف احتجاج کی کوریج کر رہے تھے

نئی دہلی (ایس این آئی) دہلی پولیس نے ریپڈ ایکشن فورس کی مدد سے جنتر منتر پر چیف الیکشن کمشنر گیانیش کمار کے خلاف احتجاج کی کوریج کرنے والے دو صحافیوں کو حراست میں لینے کا اعلان کیا۔ کنجیر میڈیا سروس کے مطابق دہلی پولیس نے صحافی اور یوٹیوبر محمد عمران اور فرنٹ لائن کے سینئر رپورٹر شمد کے مقام پر الاٹ کی گئی 81 کنال اراضی کا تنازعہ شدت اختیار کر گیا۔ 75 سال سے زائد عرصے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 45)

امریکا کے ساتھ جنگ کیلئے تیار ہیں لیکن سفارتکاری کی کوشش کر رہے ہیں، عباس عراقچی

ڈونلڈ ٹرمپ پر منحصر ہے کہ وہ سفارت کاری اور جنگ میں سے کون سے میدان کا انتخاب کرتے ہیں، ایرانی وزیر خارجہ

تہران (ایس این آئی) ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی نے امریکی میڈیا (باقی صفحہ اندرونی نمبر 47)

بھارت چھوٹی نسل کے لڑاکا طیاروں کی بات کر رہا ہے، جبکہ تجسس تاخیر اور تکنیکی مسائل کا شکار

چینی نسل کے طیارے کے مخصوص مشکلات سے دوچار، مستقبل کے لڑاکا طیارے پر سوالات

نئی دہلی (ایس این آئی) بھارت نے اپنی فضائیہ کے پہلے نسل کے لڑاکا طیاروں پر کام کرنے کے منصوبوں کا اعلان کیا ہے، جبکہ متعلقہ طور پر تیار کردہ اس کے پہلے پروگرام کو طیاروں کی فراہمی میں مسلسل تاخیر، تکنیکی مشکلات اور تیاری کی رفتار سے متعلق سوالات کا سامنا ہے۔ کنجیر میڈیا سروس کے مطابق بھارتی وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے حال ہی میں ایک میڈیا سٹاف سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بھارت پانچویں نسل کے طیاروں سے آگے بڑھتے ہوئے چھٹی نسل کے لڑاکا طیارہ ٹیکنالوجی پر بھی کام کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم صرف پانچویں نسل کے لڑاکا طیاروں پر ہی (باقی صفحہ اندرونی نمبر 46)

اسرائیلی اپوزیشن نے نیتن یاہو کی حکومت گرانے کیلئے اتحاد کر لیا

پانچویں اپوزیشن رہنما عرب جماعتوں کے ساتھ مل کر حکومت بنانے کی کوشش کریں گے، نیتن یاہو کا ردعمل

انتخابات میں اکثریت حاصل کر کے بھی حکومت تشکیل دینے کے لیے 3 مشترکہ حریف گروپس بنانے کا بھی فیصلہ کیا۔ پہلا گروپ وزرز کی شرکت یقینی بنانے اور دوسرا انتخابات کی شفافیت یقینی بنانے، دوسرا ہی حکومت کے بنیادی نکات، 7 اکتوبر 2023 کے حملوں کی تحقیقات کے لیے سرکاری کمیشن اور انصاف عام ہوگا۔

تل ابیب (ایس این آئی) اسرائیل کی 5 بڑی اپوزیشن جماعتوں کے رہنماؤں نے آئندہ 27 اکتوبر کو ہونے والے پارلیمانی انتخابات سے قبل وزیر اعظم نیتن یاہو کی حکومت گرانے کے لیے مشترکہ حکمت عملی طے کرنے کا اعلان کر دیا ہے۔ عرب میڈیا کی رپورٹ کے مطابق اپوزیشن رہنماؤں یائر لاپید، گادی آئزن کوٹ، افتالی بینیٹ، ایوگیڈور لیبرمین اور یائر گولان نے کل ایب میں ملاقات کی۔ اسرائیلی اپوزیشن کے رہنماؤں نے موجودہ حکومت کو تباہ کن قرار دیتے ہوئے انتخابات سے قبل ایک دوسرے کے خلاف کھڑے نہ ہونے کا عہد کیا۔ رپورٹ کے مطابق اپوزیشن اتحاد نے وزارت کی زیادہ سے زیادہ شرکت یقینی بنانے، فلاح طبقات کی حمایت حاصل کرنے اور عرب جماعتوں کے ساتھ مل کر حکومت بنانے کی کوشش کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ اسرائیلی اپوزیشن رہنما عرب جماعتوں کے اسماعیلی سلطنت دور خلافت میں جو علاقے اسماعیلی نظام کے تحت آتے تھے، ان کے گورنر کو آغا کہا جاتا تھا۔ آغا رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ملنے آئے۔ انہیں ملاقات کے لیے انتظار کرنا پڑا۔ معلوم ہوا کہ امیر المومنین کا لباس ایسے ہے وہ دوبارہ خشک ہونے کے لیے پھیلایا گیا ہے۔ سوکھے گا تو ہمیں کہ باہر آ گئیں گے۔ زمین پر انسانوں کے علاوہ اگر آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ہوا کو حکم دیا تو اس نے مانا۔ قبرستان میں مردوں کو مخاطب کیا۔ تو انہوں نے جواب دیا۔ دریا کو خطاب کیا۔ تو اس نے عمل کیا۔ اگر کہیں سے آگ لگی جو لوگوں کو نقصان پہنچا رہی تھی، تو اس کو اندر دیکھنے کے لیے اپنی چادر پھینکی۔ زلزلے کی وجہ سے زمین ہلی تو اس کو کوڑا رسید کیا۔ ہارش کو دعا کے ذریعے بلایا تو پوری خوشی اور آب و تاب کے ساتھ بارش ہوئی۔

حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے قرآن کریم کی تعلیم کے لیے مکاتب و مدارس قائم کیے۔ قاری صاحبان اور آئمہ مساجد کی تنخواہیں مقرر فرمائیں۔ مسجد حرام اور مسجد نبوی کی توسیع فرمائی۔ عرب وعجم کے تکلم پر مرکز عظیم کوف

بیتیہ نمبر ـــــــــــــــــــ 1

بہادروں کی جرأت و بہادری پر فخر ہے۔ صدر مملکت نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف خاتمے تک دہشت گردوں کے خلاف کارروائیاں بھرپور انداز میں جاری رہیں گی۔ صدر زرداری نے کہا کہ پاکستان نے عالمی امن کے قیام اور دہشت گردی کے خلاف جنگ میں اپنے ہزاروں بہادر بیٹوں اور بیٹیوں کی قربانیاں دی ہیں۔ صدر مملکت نے کہا کہ پاکستانی قوم اور اس کی بہادر مسلح افواج میں پاکستان، خطے اور دنیا میں امن کو درہم برہم کرنے کی دشمنوں کی کوششوں کو ناکام بنایا جائے گا۔ اپنے پیغام میں وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا کہ بلوچستان میں دہشت گردوں کے خلاف کامیاب آپریشنز پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ سیکیورٹی فورسز نے اپنی پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور جرأت و بہادری کا مظاہرہ کرتے ہوئے دہشت گردوں کے مذموم عزائم ناکام بنائے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پوری قوم اپنی بہادر سیکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ ملک سے دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک کارروائیاں جاری رہیں گی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے امن و استحکام کو نقصان پہنچانے والے عناصر کو ان کے مذموم عزائم میں کامیاب نہیں ہونے دیا جائے گا۔ وزیراعظم نے کامیاب آپریشنز میں حصہ لینے والے سیکیورٹی فورسز کے افسران و جوانوں کو سلام پیش کرتے ہوئے کہا کہ پوری قوم کو اپنے بہادر بیٹوں پر فخر ہے۔

بیتیہ نمبر ـــــــــــــــــــ 2

ڈائریکٹر جنرل پبلک ہیلتھ ایجنسی ڈاکٹر ریاض محمود نے ایک تفصیلی تحریری فیصلہ میں قرار دیا کہ ہر والد اور والدہ کے ڈی این اے ٹیسٹ میں بچے اور مبینہ والد کے جینیاتی نمونوں کا موازنہ کیا جاتا ہے جبکہ مبینہ والد دستیاب نہ ہو تو کسی دوسرے رشتہ دار کے ساتھ ڈی این اے والا موازنہ بالواسطہ رشتہ داری کا بھروسہ ہوتا ہے۔ یہ ہم کورٹ نے کہا کہ موجودہ مقدمے میں پیش کیا گیا ڈی این اے رپورٹ کے ساتھ مدعا راست موازنے پر مبنی نہیں تھا، اس لیے اس والدیت کے سوال کا حتمی جواب آخر نہیں دیا جاسکتا۔ فیصلے میں کہا گیا کہ بدانوں کو ڈی این اے رپورٹ کے ساتھ ہمراہ نادرا یونین کونسل کے سرکاری ریکارڈ، متعلقہ زمین شناسہ اور گاؤں کی شہادتوں کو بھی مجموعی طور پر مدنظر رکھنا ہوتا ہے۔ پریم کورٹ نے قرار دیا کہ پٹیشنر اپنے دعوے کو ثابت نہیں کر سکا۔ عدالت نے درخواست میں میرٹ نہ ہونے پر اسے خارج کردیا۔

بیتیہ نمبر ـــــــــــــــــــ 3

وقائع فضیلت تاجر برادری فرانسیز رزز نے عظیم عوامی مفاد میں نہ بدی تعداد میں شرکت کی اور شرمیں امن وامان کی صورتحال پر شدید تشویش کا اظہار کیا

بیتیہ نمبر ـــــــــــــــــــ 4

سرکاروں کی فوری بحالی یقینی بنائی جائے۔ انہوں نے کہا کہ ترقیاتی منصوبوں کے باعث شہریوں کو طویل عرصہ سے جن مشکلات کا سامنا تھا وہ ختم ہوتا جارہا ہے۔ بلال یاسین نے تمام اضلاع میں سرکاروں کی بحالی کے کام کی رفتار مزید تیز کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ بحالی کے معیار پر کوئی سمجھوتہ نہ کیا جائے۔ شہریوں کو آمدورفت میں درپیش مشکلات کا فوری ازالہ کیا جائے اور جاری کام متروددت میں مکمل کیے جائیں۔ صوبائی وزیر نے تمام ایم ڈیز سے گزشتہ دو سال سے زیر کے دوران ٹوٹی آب میں پیش آنے والے مسائل کے حوالے سے مفصل رپورٹ طلب کرلی۔ انہوں نے ہدایت کی کہ تمام ایم ڈیز اپنے اضلاع میں جاری کاموں کی ذاتی نگرانی کریں اور حفاظت سائی ٹھیکیداران سے مؤثر کارآمدی نیشن یقینی بنائیں۔ وزیر بااوسنگ نے ڈی جی واسا پنجاب کو تمام جاری منصوبوں کے لیے مؤثر نائم اکنٹرمرحب کرکے رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت کی۔ انہوں نے کہا کہ عوامی شکایات کے فوری ازالے کے لیے مؤثر ماینرنگ کے نظام وزیراعلیٰ پنجاب کی اولین ترجیح ہے۔

بیتیہ نمبر ـــــــــــــــــــ 5

ریکارڈ کی آگ سے... رواں سال شوشاب مری، مظفرگڑھ میں مہلک حادثات میں 100 فیصد کمی ریکارڈ کی گئی۔ رواں سال پنجاب کے 72 اضلاع میں دو سے بھی کم مہلک حادثات ہوئے جبکہ 14 فیصد مہلک حادثات کم ہوئے ہیں۔ سانحہاں میں 82 فیصد رجم یار شامل ہیں 74 فیصد ہلہ ہے 75 فیصد مہلک حادثات کم ہوئے ہیں۔ اس حوالے سے ڈی ٹی ٹریفک جرم کا فس نیز ہے کہ کہ کسی غیر اصابی حادثات کی تحقیق سانحہ کے بعد کی ہے سانحہ کے پیش کے بعد کی ہے سانحہ کے پیش کے بعد کی ہے سانحہ کے پیش

احتجاجی مارچ، دھرنوں اور ہڑتالوں سے معاشی ترقی متاثر ہوتی ہے، ایوب

احتجاجی مارچ ، دھرنوں اور ہڑتالوں سے ملک میں جاری معاشی ترقی کا عمل متاثر ہونے کا خدشہ ہے

ملک میں آئے روز ہونے والے احتجاجی دھرنوں اور مارچوں کے باعث نہ صرف معاشی سرگرمیاں متاثر ہو رہی ہیں

ڈپٹی صدر فیصل آباد انڈسٹریل کنسٹیٹوئنسی فورڈ گروپ اور سینئر وائس چیئرمین ایف پی سی سی آئی لائزنگ کمیٹی میاں محسن ایوب نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ احتجاجی مارچ، دھرنوں اور ہڑتالوں سے ملک میں جاری معاشی ترقی کا عمل متاثر ہونے کا خدشہ ہے۔ معاشی سرگرمیوں میں تعطل کی وجہ سے ملک کو روزانہ اربوں روپے کے نقصان کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ اپنے مشترکہ اظہاری بیان میں انہوں نے کہا کہ احتجاج اور دھرنوں کے باعث معیشت کو یومیہ 120 ارب روپے تک نقصان پہنچنے کا خدشہ ہے جبکہ کاروباری سرگرمیوں میں رکاوٹ سے براہ راست عام آدمی بھی متاثر ہوتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں آئے روز ہونے والے احتجاجی دھرنوں اور مارچوں کے باعث نہ صرف معاشی سرگرمیاں متاثر ہو رہی ہیں بلکہ شہریوں کو آمدورفت، کاروبار اور روزمرہ معمولات میں بھی مشکلات کا سامنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پائیدار معاشی استحکام اور ترقی کا حصول کسی ایک جماعت یا طبقے کی نہیں بلکہ سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ سیاسی اختلافات جمہوری عمل کا (باقی صفحہ اندرونی نمبر 21)

تعلیم کیلئے بجٹ اور وسائل فراہم کرنا حکومت کی ذمہ داری ہے، ریاض شاہد

پنجاب حکومت فیسیں مہنگی کرکے غریب عوام کے بچوں پر یونیورسٹیوں کے دروازے بند کیوں کر رہی ہے

فیسوں کے خلاف ڈاٹا کریسی نے عوام کو سڑکوں پر لا کھڑا کیا ہے، ریاض شاہد

لیول آباد (پ ر) صدر انجمن تاجران لنڈا بازار میاں ریاض شاہد نے اپنے ایک بیان میں تعلیم کے لیے بجٹ اور وسائل فراہم کرنا حکومت وقت کی ذمہ داری ہے پنجاب حکومت فیسیں مہنگی کرکے غریب عوام کے بچوں پر یونیورسٹیوں کے دروازے بند کیوں کر رہی ہے طبقاتی نظام تعلیم کی آڑ میں غریب عوام کے بچوں کو بھاری بھرکم یونیورسٹی فیسیں کہاں سے ادا کریں۔ عدالت (باقی صفحہ اندرونی نمبر 26)

فیصل آباد کی ترقی کیلئے چیمبر اور بار کونسل کو جدوجہد کرنا ہوگی، فاروق یوسف شیخ

شہر کو بنیادی سہولتوں کی فراہمی اور بائیگورٹ بچ کیلئے مشترکہ کوششوں پر زور

لیول آباد (نامہ نگار) لیول آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر فاروق یوسف شیخ نے کہا ہے کہ فیصل آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری اور ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن کو ٹریڈ کی جائنٹ ترقی کیلئے عملی جدوجہد کرنا ہوگی۔ وہ آج ڈسٹرکٹ بار کے وفد سے خطاب کر رہے تھے جس نے میاں طارق محمود کی قیادت میں فیصل آباد چیمبر کا دورہ کیا۔ انہوں نے بتایا کہ لیول آباد کی شناخت بھی ٹیکسٹائل سے ہے اور فیصل آباد چیمبر کے ممبران کی تعداد 22 ہزار ہے جبکہ شہر کی 128 تجارتی تنظیمیں اس سے منسلک ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ ٹیکسٹائل کبھی انڈسٹری اور ڈسٹرکٹ بار مل کر ہی ترقی کرتے تھے اور ہمیں دوبارہ مل کر ہی ترقی کرنا ہوگی۔ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 25)

بہاولپور ضمنی انتخاب میں ن لیگ کی کامیابی، رہنماں کی مبارکباد

فلسطین و کشمیر میں مظالم کی مذمت، عالمی برادری سے مؤثر اقدام کا مطالبہ

لیول آباد (سٹی رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ ن کے ایم پی اے رانا شاہد اقبال اور میاں طارق محمود جانباز نے کہا کہ بہاولپور کے شریفوں اور ن لیگ کے متوالوں کو دی مبارکباد پیش کرتے ہیں انہوں نے فلسطین اور مقبوضہ کشمیر میں عوام پر ظلم و بربریت اور سفاکیت کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 25)

معیشت کا پہیہ جام، عوام برے حالات کا شکار ہے، حافظ عبدالعزیز

معاشی بحران شدت کا شکار ہو چکا عوام مہنگائی کے سیلاب میں بہہ چکی ہے

لیول آباد (سٹاف رپورٹر) متحدہ علماء کونسل پاکستان کے صدر و ڈائریکٹر سیکی فوڈز پاکستان حافظ عبدالعزیز نے کہا ہے کہ معیشت کا پہیہ جام، عوام برے حالات کا شکار ہے۔ معاشی بحران شدت کا شکار ہو چکا عوام مہنگائی کے سیلاب میں بہہ چکی ہے جس حکمران ڈوبتی عوام پر مزید مزید ٹیکسز کی بھرمار کرکے اپنی آسائشوں کو پورا کر رہے ہیں پٹرول ہر روز مہنگا کرکے پوری قوم کو مہنگائی کے عذاب میں دھکیلا جا رہا ہے انہوں نے کہا کہ قوت خرید ختم ہو جانے سے بازار ویران ہیں ہر شعبہ زندگی پریشان (باقی صفحہ اندرونی نمبر 24)

فرح ناز اکبر کا اسلام آباد کے پٹرول پمپس کا دورہ، پٹرول ریلیف سکیم کے انتظامات کا جائزہ لیا

اسلام آباد (این این آئی) پارلیمانی سیکرٹری قومی ثقافت و شرح ناز اکبر نے اسلام آباد کے مختلف پٹرول پمپس کا دورہ کیا اور وزیراعظم کی جانب سے اعلان کردہ پٹرول ریلیف سکیم کے انتظامات کا جائزہ لیا۔ فرح ناز اکبر نے پٹرول پمپ مالکان سے ملاقات کی اور پٹرول ریلیف سکیم کے انتظامات کا جائزہ لیا۔ فرح ناز اکبر نے کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف کے وژن کے مطابق عوام کو ریلیف فراہم کیا جا رہا ہے۔ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 22)

گورنر راج کیلئے جن عناصر کی ضرورت ہوتی ہے وہ سب پی ٹی آئی دے چکی ہے، اختیار ولی

خیبر پختونخوا حکومت کا پیچدار اب نہیں بک رہا کہ وفاقی پیسہ نہیں دے رہا، کوآرڈینیٹر وزیراعظم

اسلام آباد (این این آئی) کوآرڈینیٹر وزیراعظم شہباز شریف کے آرڈیئر اختیار ولی نے کہا ہے کہ گورنر راج کیلئے جن عناصر کی ضرورت ہوتی ہے وہ سب پی ٹی آئی دے چکی ہے، سہیل آفریدی ایک اختیاج نہیں کر سکتے ہم ان سے خوف زدہ کیوں ہوں گے؟ خیبر پختونخوا میں بدسلسلہ احتجاجات کی وجہ سے خیبر پختونخوا حکومت کا دیوالیہ نکل چکا ہے، وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا کو نظر بھی آنا چاہیے، وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا نے چھوٹے بولا اور لفظ بیانی کی ہے، اس سے کیا ہوگا؟ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 22)



وزیراعظم نے جماعت اسلامی کے مطالبات پر ورکنگ پلان طلب کرلیا

امیر جماعت اسلامی نے بجٹ پر 35 سے 40 روپے کم کرنے کا ایجنڈا پیش کیا، ذرائع

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم نے جماعت اسلامی کے مطالبات پر ورکنگ پلان طلب کرلیا، متعلقہ وزارتوں سے ورک پلان ملنے کے بعد آئندہ کا لائحہ عمل طے کیا جائے گا۔ ذرائع کے مطابق وزیراعظم شہباز شریف کی ہدایت پر متعلقہ وزارتوں سے ورکنگ پلان کیلئے تجاویز مانگی گئی ہیں۔ ذرائع پیش کیا۔

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم نے جماعت اسلامی کے مطالبات پر ورکنگ پلان طلب کرلیا، متعلقہ وزارتوں سے ورک پلان ملنے کے بعد آئندہ کا لائحہ عمل طے کیا جائے گا۔ ذرائع کے مطابق وزیراعظم شہباز شریف کی ہدایت پر متعلقہ وزارتوں سے ورکنگ پلان کیلئے تجاویز مانگی گئی ہیں۔ ذرائع پیش کیا۔ امیر جماعت نے پٹرول پر 35 سے 40 روپے فی لیٹر کم کرنے کا ایجنڈا پیش کیا۔ ذرائع کے مطابق جماعت اسلامی سے مذاکرات کرنے والی کمیٹی تحلیل نہیں کی گئی، پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کے بعد جماعت اسلامی کے امیر مطالبات میں شامل ہے۔ امیر جماعت نے پٹرولیم لیوی 35 سے 40 روپے فی لیٹر کم کرنے کا ایجنڈا پیش کیا۔

ملکی معیشت دن بدن تنزلی کا شکار ہوتی جارہی ہے، ڈاکٹر مرزا اختیار بیگ

پیداواری لاگت میں کمی لائے بغیر ٹیکسٹائل انڈسٹری کی برآمدی مسابقت کی بحالی اور صنعتی ترقی ممکن نہیں ہے

لیول آباد (سٹی رپورٹر) ماہر معاشیات و سابق وفاقی وزیر ڈاکٹر مرزا اختیار بیگ نے کہا ہے کہ ملکی معیشت دن بدن تنزلی کا شکار ہوتی جارہی ہے پٹرولیم و بجلی اور خام مال کی قیمتوں میں بار بار اضافے نے کاروبار کرنے کی جگہ ہی (باقی صفحہ اندرونی نمبر 33)

لاگت کو بہت زیادہ بڑھا دیا ہے پیداواری لاگت میں کمی لائے بغیر ٹیکسٹائل انڈسٹری کی برآمدی مسابقت کی بحالی اور صنعتی ترقی ممکن نہیں ہے، ڈاکٹر مرزا اختیار بیگ

دہشت گردی کے ناسور نے پاکستان کو ناقابل تلافی نقصان پہنچایا ہے

پاکستان دشمن دہشت گردوں کو ہر صورت نشانہ بنایا جائے گا، ریاض چوہدری

لیول آباد (سٹی رپورٹر) سابق سٹیبر وزیر اعظم آزاد کشمیر محمد ریاض چوہدری نے کہا کہ دہشت گردی کے ناسور نے پاکستان کو ناقابل تلافی نقصان پہنچایا ہے پاکستان دشمن دہشت گردوں کو ہر صورت نشانہ بنایا جائے گا

لانگ مارچ 4 اکتوبر سے آگے نہ لے جانے کی کوشش ہوگی

مقتدر اسلام آباد پر قبضہ نہیں، آئین کی بالادستی ہے، محمد تیمور قریشی

لیول آباد (سٹاف رپورٹر) سرپرست اعلیٰ مقتدر تحریک القرآن انٹرنیشنل پاکستان و سینئرل کوآرڈینیٹر فور پنجاب اضلاع و ڈیپٹی وگ محمد تیمور قریشی ایڈووکیٹ نے کہا کہ ہماری اے 102 نے کہا کہ ہماری کوشش ہوگی کہ لانگ مارچ 4 اکتوبر سے آگے نہ جائے لیکن ہم اپنے فیصلوں میں (باقی صفحہ اندرونی نمبر 31)

آگے نہ جانے دیں گے، ہم اپنے فیصلوں میں بااختیار ہیں کہ مارچ کب اور کیسے کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہماری کوشش ہوگی کہ لانگ مارچ 4 اکتوبر سے آگے نہ جائے لیکن ہم اپنے فیصلوں میں (باقی صفحہ اندرونی نمبر 31)

اسلام آباد میں امن خراب کرنے کی اجازت نہیں دیں گے، مظہر جمیل

پی ٹی آئی کو پرامن احتجاج کرتے نہیں دیکھا، حکومت امن و امان تشفی بنائے گی

لیول آباد (سٹاف رپورٹر) ضلعی سینئر نائب صدر پاکستان مسلم لیگ (ن) مظہر جمیل چوہدری نے کہا کہ آج تک پی ٹی آئی کو پرامن احتجاج کرتے نہیں دیکھا، یہ ہوش کے ناخن لیں ورنہ ان (باقی صفحہ اندرونی نمبر 30)

حکومت اسلام آباد کی امن و امان کی صورتحال خراب کرنے والوں کو بھرپور طریقے سے روکے گی۔ انہوں نے کہا کہ آج تک پی ٹی آئی کو پرامن احتجاج کرتے نہیں دیکھا، یہ ہوش کے ناخن لیں ورنہ ان (باقی صفحہ اندرونی نمبر 30)

پاکستان میں ڈرون دراندازی ناقابل قبول ہے، مشکور گجر

پاکستان کی فضائی حدود کے دفاع کے لیے افواج پاکستان کی بروقت اور مؤثر کارروائی قابل تحسین ہے

افغانستان کی سرزمین کو پاکستان کے خلاف کسی بھی قسم کی دہشت گردی یا سفیج کارروائی کے لئے استعمال نہیں ہونا چاہیے

لیول آباد (سٹاف رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی پی پی 114 کے ٹکٹ ہولڈر چوہدری مشکور گجر نے افغان سرزمین کے پاکستان کی حدود میں مبینہ ڈرون دراندازی سے پاکستان کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ ملکی خودمختاری اور سلامتی پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جاسکتا۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ پاکستان کی فضائی حدود کے دفاع کے لیے افواج پاکستان کی بروقت اور مؤثر کارروائی قابل تحسین ہے۔ افغانستان کی سرزمین کو پاکستان کے خلاف کسی بھی قسم کی دہشت گردی یا سفیج کارروائی کے لئے استعمال نہیں ہونا چاہیے۔ پیپلز پارٹی کے رہنما نے کہا کہ افغان حکام کو محض اخلاقی کے بجائے اپنی سرزمین سے پاکستان کے خلاف ہونے والی دہشت گردی کارروائیوں کی روک تھام کے لئے مؤثر اقدامات کرنا ہوں گے۔ ان کا کہنا تھا کہ پوری قوم ملکی دفاع کے لئے اپنی بہادر افواج کے ساتھ متحد اور یک آواز کھڑی ہے۔ افغانستان کی سرزمین کو پاکستان کے خلاف کسی بھی قسم کی دہشت گردی کارروائی کے لئے استعمال نہیں ہونا چاہیے۔ پیپلز پارٹی کے رہنما نے کہا کہ افغان حکام کو محض اخلاقی کے بجائے عملاً دہشت گردی کارروائیوں کی روک تھام کے لئے مؤثر اقدامات کرنا ہوں گے۔ ان کا کہنا تھا کہ پوری قوم ملکی دفاع کے لئے اپنی بہادر افواج کے ساتھ متحد اور یک آواز کھڑی ہے۔ افغانستان کی سرزمین کو پاکستان کے خلاف کسی بھی قسم کی دہشت گردی یا سفیج کارروائی کے لئے استعمال نہیں ہونا چاہیے۔ پیپلز پارٹی کے رہنما نے کہا کہ افغان حکام کو محض اخلاقی کے بجائے عملاً دہشت گردی کارروائیوں کی روک تھام کے لئے مؤثر اقدامات کرنا ہوں گے۔ ان کا کہنا تھا کہ پوری قوم ملکی دفاع کے لئے اپنی بہادر افواج کے ساتھ متحد اور یک آواز کھڑی ہے۔ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 43)



فیصل آباد: ڈائریکٹر جنرل این سی سی آئی سے سینئر علی ناصر رضوی دورہ کے دوران افسران وملازمین سے میٹنگ کر رہے ہیں

ختم نبوت کے مشن پر کام کرنا سعادت ہے، ڈاکٹر ایم بی ناصر ملک

عقیدہ ختم نبوت اور آئین پاکستان کیلئے پوری قوم متحد ہے

لیول آباد (سٹاف رپورٹر) مرکزی چیئرمین پاکستان بین المذاہب امن کونسل وانسانی حقوق (رجسٹرڈ) ڈاکٹر ایم بی ناصر ملک نے کہا کہ حضور اکرم ﷺ سے محبت ایمان کی بنیاد ہے جبکہ تحفظ ختم نبوت کے مشن پر کام کرنا سعادت ہے۔ انہوں نے کہا کہ عقیدہ ختم نبوت اور آئین پاکستان کیلئے پوری قوم متحد ہے۔ پاکستان کو درپیش مسائل کا حل (باقی صفحہ اندرونی نمبر 42)

قومی وحدت اور پیغام پاکستان پر مل جل کر کام کرنا ہوگا، انہوں نے کہا کہ عقیدہ ختم نبوت اور آئین پاکستان کیلئے پوری قوم متحد ہے۔ پاکستان کو درپیش مسائل کا حل

رٹریفک قوانین کی خلاف ورزی پر بھاری جرمانے عوام دشمنی ہے، اسلم اشیر

ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی پر عائد کئے گئے بھاری جرمانوں کی پالیسی عوام کیلئے عذاب بن چکی ہے

ٹریفک وارڈنز کو جرمانے پورے کرنے کا ٹارگٹ دینا قانون کو کاروبار بنا دینے کے مترادف ہے

لیول آباد (پ ر) چیئرمین آل لیول آباد دشمنی مزدا گڈز ڈرائیورز ایسوسی ایشن چوہدری محمد اسلم بشیر نے صوبائی حکومت کی طرف سے ہر ٹریفک وارڈن کو روزانہ کی بنیاد پر چالان کاٹنے کے ٹارگٹ دینے کو مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ ٹریفک وارڈنز کو جرمانے پورے کرنے کا ٹارگٹ دینا قانون کو کاروبار بنا دینے کے مترادف ہے۔ ٹریفک قانون کی پابندی بھاری کے نام پر عوام پر ظلم ہے، ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی پر ضابطہ کی کارروائی ہونی چاہیے۔ شہریوں میں خوف کی فضا پیدا کرنا کسی بھی (باقی صفحہ اندرونی نمبر 34)

منڈی کے تمام تاجروں کی جان و مال کا تحفظ ان کی اولین ترجیح ہے

سبزی فروٹ منڈی کے تاجر علاقے کی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں

لیول آباد (سٹاف رپورٹر) ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج جناب فواد عارف نے واضح اور متفقہ عدالتی حکم دیا ہے کہ سبزی فروٹ منڈی سدھار کے سینئر تاجران کی پرزور فرمائش پر میاں عامر حنیف نے انجمن آڑھتیاں سبزی و فروٹ منڈی سدھار کا دوبارہ باضابطہ طور پر چارج سنبھال لیا ہے۔ اس عدالتی فیصلے کے بعد سبزی و فروٹ منڈی سدھار کے تاجر برادری کی طرف سے خوشی کا اظہار کیا گیا ہے اور میاں عامر حنیف کو مبارکباد دے رہے ہیں۔ عدالتی حکم کا تاثر بنتے ہی